22مارچ،2012

ڈاکٹرفہمیدہ مرزا25مارچ کوبدین میں چوتھے ہاری میلے کاافتتاح کریں گی

قومی اسمبلی کی اسپیکر ڈاکٹرفہمیدہ مرزا25 مارچ،2012 کوصبح 10 بجے لاڑمیوزیم گراؤنڈ،بدین میں'چوتھے ہاری میلے' کا افتتاح کریں گی۔

میلے میں،جس کاانعقاداسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی ایس سی)،حیدرآباد آفس تمام کمرشل بینکوں کے اشتراک سے کررہاہے، سندھ کے وزیرزراعت سیدعلی نواز شاہ،زراعت سے متعلق مختلف سرکاری محکموں کے سینئرافسران اور 2ہزار سے زائد ہاری/کاشتکارشرکت کریں گے۔

کمرشل بینکوں،محکمۂ زراعت سندھ،زرعی مشینری کے تیارکنندگان،ایگری مارکیٹنگ کمپنیوں (کھاد،زرعی ادویات اوربیجوں کے فراہم کنندگان)،سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈوجام اورلائیواسٹاک،ڈیری،اینیمل ہسبینڈری اور ماہی گیری کے صوبائی محکموں سمیت تمام استفادہ کنندگان اس میلے میں علاقے کی کاشتکار برادری کے فائدے کیلئے انہیں اپنی پروڈکٹس،خدمات اوراقدامات سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کی غرض سے اسٹال لگائیں گے۔

میلے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان،ایس بی پی ایس سی اورکمرشل بینکوں کے سینئر افسران کاشتکاروں کوزرعی شعبے کیلئے بینکاری کی خدمات سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کیلئے موجود ہوں گے۔زراعت کے ماہرین بھی کاشتکاروں کوزرعی پیداوار میں اضافے کیلئے جدید تحقیق سے آگاہ کریں گے۔

☆☆☆☆